Rampur State Gazette.

EXTRAORDINARY.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱ مطبوعہ روز چہارشنبہ تاریخ ۱۶ شوال ۱۳۵۰ھ مطابق ۲۴ فروری ۱۹۳۲ء جلد (۴۴)

گزٹ غیر معمولی

روبکار اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

مورخہ ۲۴ فروری ۱۹۳۲ء

حسب ایماء اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم متعلق تشریف آوری ہز اگزالٹیڈ ہائینس حضور نظام دام اقبالہم و ملکہم مفصلہ ذیل احکام جاری کیے جاتے ہیں :-

(۱) ہز اگزالٹیڈ ہائینس کا اسپیشل ۲۵ فروری ۱۹۳۲ء بروز پنجشنبہ بوقت ۹ بجے صبح رامپور پہونچیگا اور نواب اسٹیشن پر ٹھیرےگا۔ دوسرا اسپیشل اس سے پہلے پہونچیگا جس میں حیدرآباد کے افسر ہوں گے۔ اور نواب اسٹیشن کے پلیٹ فارم پر ٹھیریگا۔ ۹ بجے صبح کے ہز اگزالٹیڈ ہائینس اپنی ٹرین سے برآمد ہونگے اور جس وقت پلیٹ فارم پر قدم رکھیں گے ایک سو ایک ضرب توپ سلامی کی بحکم اعلیحضرت سر ہونگی

(۲) "نواب اسٹیشن" پر اہالیان خاندان۔ اور منسٹرز۔ ججان ہائی کورٹ۔ سکریٹریز۔ اور دیگر افسران صیغہ و عمائدین جن کی فہرست علیحدہ مرتب ہو کر جاری ہوگی۔ آٹھ بجے حاضر ہو جائیں گے۔ درباری لباس "سیاہ اچکن" ہوگا۔ اور افسران فوج "فل ڈریس" میں ہونگے۔

(۳) گارڈ آف آنر فرسٹ رضا انفنٹری کا مع کلرز و بینڈ فل ڈریس میں نواب اسٹیشن پر آٹھ بجے صبح حاضر ہو جائے گا۔ اور جس وقت ہز اگزالٹیڈ ہائینس گارڈ آف آنر کے ملاحظہ کے واسطے تشریف لائیں گے۔ گارڈ آف آنر رائل سیلوٹ کی سلامی دیگا اور بینڈ حیدرآباد کی نیشنل اینتھم بجائے گا۔

۴- اسٹیشن سے سواری موٹر کار ہز اگزالٹیڈ ہائینس
کے اپنے پرنسز و ہمراہیان کے خاص باغ پیلس میں
تشریف لاوینگے - اعلیحضرت نظام کی موٹر کے ساتھ
بائیسکل اسکارٹ فلاڈرپس میں ہوگا - اور اعلیحضرت
نظام کی موٹر پر حیدرآباد کا فلیگ لگایا جائیگا -

۵- نواب اسٹیشن کے باہر جو جگہ تعین کی جائیگی
وہاں ماہی مراتب ہاتھیوں پر موجود رہے -
اور جتنا لوازمہ جلوس کا ایسے موقعوں پر مہیا کیا جاتا ہے
وہ بھی مرتب رہے - یعنی جو فوج طلا و نقرہ
پالکی جھالر - نالکی - چوبدار - تام جھام - روشن چوکی
شاگرد پیشہ وغیرہ حاضر رہیں - اور حسب قاعدہ سلام
بجا لاویں -

۶- اسٹیشن سے خاصباغ تک دو رویہ فوج
صف بستہ فلاڈرپس یونیفارم میں موجود رہے
اور خاص باغ پر ایک بلاک برساتی کے سامنے
سکنڈ مرتضیٰ انفنٹری کا گارڈ آف آنرز فلاڈرپس
یونیفارم میں موجود رہیگا اور جس وقت اعلیحضرت
نظام موٹر سے اوترینگے سلامی دیگا -
اسٹیٹ بینڈ کے دو حصہ کر دئے جائیں - ایک
حصہ فرسٹ رضا انفنٹری کے گارڈ آف آنرز کے
ساتھ اور ایک حصہ سکنڈ مرتضیٰ انفنٹری کے
گارڈ آف آنرز کیساتھ رہے -

۷- جس وقت سواری اعلیحضرت نظام کی
خاص باغ میں پہنچ جائے تو فوج جو سڑک پر
صف بستہ ہے اور دونوں گارڈ آف آنرز اپنی اپنی
لائین میں واپس چلے جائیں - بائیسکل اسکارٹ
صبح سے شام تک برابر موجود رہے -

(۸) پیادہ پولیس اور سواران پولیس اعلیحضرت نظام
کی تشریف آوری رامپور کے وقت سے شب کو دس بجے
تک اسٹیشن سے خاصباغ تک اور خاصباغ کے متعلقہ
تک برابر موجود رہیں -

(۹) تھوڑی دیر خاصباغ میں قیام فرمانے کے بعد اعلیحضرت
حضور نظام پرائیویٹ طور پر اپنے اسپیشل میں واپس
تشریف لے جائینگے - اور وہاں سے بعد کتب خانہ
اور قلعہ معلی - اور شہر کے ملاحظہ کیواسطے تشریف لاوینگے
اور ایک بجے دن کے خاصباغ میں لنچ نوش فرمائینگے -

(۱۰) ساڑھے چار بجے سہ پہر کو کلب میں ایٹ ہوم ہوگا

(۱۱) شب کے ۸ بجے خاصباغ پیلس میں ڈنر ہوگا - اور
ڈنر کے بعد ہندوستانی میوزک ہوگا - اور شب کے
۱۲ بجے کے بعد اعلیحضرت نظام کا اسپیشل لکھنؤ روانہ ہوگا -

(۱۲) ۱۹ فروری سنہ ۱۹۲۲ء خاصباغ میں اور قلعہ معلی
میں نواب صاحب اسٹیشن پر اور لکھنؤ اسٹیشن پر خسروی گارڈز
ریگولر پولیس سے مہیا کئے جائینگے -

(۱۳) نواب دروازہ آراستہ کیا جائیگا - اور وہاں توپخانہ
سے ۲ توپیں چبوتروں پر لگائی جائینگی - اور توپخانہ
کا گارڈ فلاڈرپس یونیفارم میں نواب دروازہ پر حاضر رہیگا -

(۱۴) خاصباغ میں اور دونوں اسٹیشنوں پر پولیس کی حفاظت
کا انتظام رہے -

(۱۵) ہز اگزالٹیڈ حضور نظام کی تشریف آوری کے
سلسلہ میں جو متعلقان خدمات کے واسطے تجویز ہوئے
ہیں اونکی تفصیل حسب ذیل ہے -

تفصیل

مولوی [illegible] علیخان سپرنٹنڈنٹ آبکاری۔
انکوائری آفس کے قیام [illegible] بہادر [illegible] مولوی ضیاء اللہ خان [illegible]

ٹرانسپورٹ کم لفٹنٹ کرنل عبدالحکیم خان۔

موٹر کارز کے خلیل الرحمن خان سپرنٹنڈنٹ موٹر گراج۔

موٹر لاریوں کے فضل محمود سپرنٹنڈنٹ اسٹور موٹر گیراج۔

گھوڑا گاڑی / تانگہ اصطبل ۔ } جمعدار سید مظفر علی سپرنٹنڈنٹ اصطبل۔

پخت طعام ہندوستانی / بمقام خاص باغ ۔ } عبدالمجید ہیڈ منصرم

پخت طعام ہندوستانی / بمقام ریلوے اسٹیشن } [illegible] علیخان منصرم

پخت طعام / انگریزی } محمد ابراہیم خان منصرم ۔ / محمد اسمٰعیل خان منصرم ۔

کھانا کھلانے کا انتظام / بمقام خاص باغ } شیخ ولی محمد خانسامہ ۔ عبدالمجید / ابراہیم خان ۔ اسمٰعیل خان ۔

کھانا کھلانے کا انتظام / بمقام نواب اسٹیشن } مسٹر حسن ارشاد اللہ خان / مسٹر [illegible] علیخان اسسٹنٹ کنٹرولر / عزیز اللہ خان منصرم ۔ [illegible] علیخان ۔

کھانا کھلانے کا انتظام / پرسنل [illegible] } مسٹر جسٹس معین الدین انصاری / سید محمود حسین زیدی سپرنٹنڈنٹ باغات

انتظام [illegible] / بمقام خاص باغ } صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

پخت طعام و کھانا کھلانے کا انتظام / انتظام برائے اہل ہنود } منشی ہردیو پرشاد

رامپور کلب میں انتظام / اسٹیٹ ہوم } مسٹر جسٹس معظم علی خان / میجر سید علیخان ۔

تحائف [illegible] / کی سپرد } صاحب سکریٹری بہادر [illegible] / بہادر مسٹر [illegible] ۔ مولوی سید / [illegible] مسٹر عبدالعزیز انصاری

انتظام [illegible] / رامپور ہوٹل } صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر

ہندوستانی سویٹس کا انتظام / بمقام خاص باغ ۔ } سید امین علی

[illegible] / اسٹیشن } منشی ابراہیم خان [illegible] تحصیل

[illegible] کا انتظام / نواب اسٹیشن } میجر عبدالکریم خان

افسر انچارج [illegible] / نواب اسٹیشن } کرنل سید محمود شاہ

افسر انچارج / پرنس اسٹیشن } میجر [illegible]

افسر انچارج حفاظتی / فوج و پولیس } صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

انتظام حفظان / صحت بمقام / اسٹیشن } میجر [illegible] چیف میڈیکل آفیسر / سید مشتاق حسین [illegible] / ہیلتھ آفیسر

اور ... [illegible] انتخاب اوسکا واسطے پانچ[illegible] اون کی

فہرست صاحبان ... جو لفٹنٹ بہادر جاری کرینگے

اور ... اور ڈسٹرکٹ جو صاحب ... ہونگے اونکی

صاحب ممبر سکریٹری بہادر جاری کرینگے - کلب کے

ایجنٹ ... مین علاوہ ممبران کلب جو صاحبان ...

ہونگے سکریٹری کلب اونکی فہرست جاری کرینگے -

حکم ہوا کہ

سررشتہ ... سے ایک ایک نقل اس روبکار کی جملہ

ممبران صاحبان کی خدمتمین مرسل ہو اور گزٹ ... میں

بھی ایک نقل اس روبکار کی ... شائع کیجاوے -

دستخط ... صاحب ممبر ...